© rasailojaraid.com

تعارف وتبصرۂ کتب

(ادارہ)

منہاج السنن شرح جامع السنن للترمذی (عربی) ازمولانامفتی محمد فرید مدظلہ

پتہ ۔ موتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ ۔ اکوڑہ خٹک ۔ پشاور

استاذنا المحترم حضرت العلامہ مفتی محمد فرید صاحب اٹھارہ سال سے دارالعلوم حقانیہ میں درس وافتار کی اعلیٰ خدمات انجام دے رہے ہیں ۔ اوراب تو بحمداللہ افتار کے علاوہ دورہ حدیث کی اہم کتابوں کی تدریس ان سے وابستہ ہے ۔ ان اہم مشاغل کے باوجود تصنیف وتالیف سے بھی شغف ہے ۔ اورکئی ایک کتابیں تالیف کرچکے ہیں — منہاج السنن شرح عربی جامع السنن للترمذی بھی اسی سلسلہ کی ایک اہم کڑی ہے جس کی تالیف میں فاضل مؤلف نے اہم شروح حدیث کا نہایت محنت اورعرق ریزی سے مطالعہ کیا اور اس مطالعہ کے خلاصہ اورنچوڑ کو منہاج السنن کی شکل میں مرتب فرمایا جو ایجاز واختصار کے باوجود بیان مذاہب ، دلائل ، ترجیحات راجح اور ضروری مباحث کو سمیٹے ہے ۔ دراصل طلبہ میں آمالی درس قلم بند کرلینے اوراہم شروح کی مراجعت یہ سب باتیں مفقود ہوتی جارہی ہیں ۔ اس لئے اس انحطاط کے پیش نظر درسی انداز کی اس شرح کا آغاز کیا گیا اور بحمداللہ اختصار کے باوجود یہ کتاب سنن ترمذی کے ضروری مباحث کی عمدہ شرح بن گئی ہے ۔ جو اصلاً طلباء کے لئے لکھی گئی تھی ۔ مگر مدرسین کے لئے بھی اس کا مطالعہ بے حد نافع ہوگا ۔

اس کتاب کی پہلی دو جلدوں پر تبصرہ آچکا ہے ۔ زیر تبصرہ کتاب منہاج السنن کا جزء ثالث ہے ۔ جو ابواب الوتر اور ابواب الزکوٰۃ کو جامع ہے ۔ جس کے آخر میں مؤلف نے جامع السنن کے صحیح حسن غریب ، الحسن الصحیح ، حسن غریب ، الحسن والصحیح والغریب وغیرہ روایات کو خود شمار کرکے صحیح تعداد بھی تحریر فرما دی ہے ۔ جو مؤلف کے اعلیٰ علمی ذوق کی آئینہ دار ہے ۔ اور آخر میں " فتح المنعم بشرح مقدمہ صحیح مسلم کے نام باون صفحات کا ایک رسالہ بھی ملحق کردیا ہے جس میں صحیح مسلم کے مقدمہ اور مشکل مقامات کی آسان عربی زبان میں شرح کردی گئی ہے ۔ جو معلمین ومتعلمین اورعلمی ذوق رکھنے والوں کے لئے یکساں طور پر مفید ہے (ع ق)

درس ترمذی جلد اول و دوم (اردو) ازمولانا محمد تقی عثمانی ۔ جلد اول صفحات ۵۲۸ جلد دوم صفحات ۶۶۶ قیمت جلد ۱ /۵۰ روپے جلد ۲ /۶۵ روپے ۔ پتہ ۔ دارالعلوم کراچی ۱۴

جامع السنن للترمذی حدیث کی مشہور کتاب ہے ۔ یہ کتاب بیک وقت جامع بھی ہے اور سنن بھی جس میں امام ترمذیؒ نے بیان مذاہب ، فقہاء کے بنیادی مستدلات اور پھر حدیث کے درجۂ استناد کو بالالتزام

© rasailojaraid.com